ہے۔ انہوں نے " جاگ ہندو جاگ " کے نام سے یہ کتابچہ انگریزی میں لکھا تھا اور پروفیسر آسی ضیائی صاحب نے اسے اردو کا جامہ پہنایا ہے۔ میرا خیال ہے کہ فاضل مصنف اور محترم مترجم نے یہ ایک بہت مفید کام کیا ہے۔ اس کتابچے کے مطالعے سے اس ذہن کے تمام تاریک گوشے بے نقاب ہو جاتے ہیں۔ آج کا ہندو بھارت اپنی تمام توانائیاں سمیٹ کر اور بھیانک عزائم منظم کر کے پاکستان کے سامنے آ کھڑا ہوا ہے اور نہیں کہا جا سکتا کہ اس کی حماقت کل اس خطے کو کن حالات سے دوچار کر دے گی۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ سیکولرازم کے نقاب میں چھپا ہوا بھارت کا اصل چہرہ دیکھا جائے، بلکہ خود بھارت کے باسیوں کو بھی آئینہ دکھایا جائے اور ڈاکٹر چیٹرجی نے یہ کام بہت قابلیت سے کیا ہے۔

(سید نظر زیدی)

بعثتِ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) | مؤلف: جناب وسیم ڈار۔ ناشر: اساس پبلشرز، پوسٹ بکس نمبر ۱۱۵۸۰ کراچی ۷۴۸۰۰ ۔ قیمت: درج نہیں۔

اس کتابچہ میں مؤلف نے پارسیوں، بدھوں، ہندوؤں، عیسائیوں اور یہودیوں کی مقدس کتابوں کی وہ عبارتیں درج کی ہیں، جن میں رحمتِ دو عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے کی خوشخبری سنائی گئی ہے۔ مؤلف مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ایک نہایت مفید کام کیا ہے۔ اس مطالعے سے معلومات میں بیش بہا اضافہ ہوتا ہے۔

(سید نظر زیدی)

مسئلہ شفاعت | مؤلف: محمد نصیر قریشی الفاروقی۔ ناشر: نصیر و اولادہ، مکان ۹/۱ گلی نمبر ۲۴ ۔ مسعود پارک، نئی آبادی ڈھولن وال، لاہور ۱۸۔ صفحات: ۱۴۴ قیمت درج نہیں۔

اس کتابچے میں عقیدۂ شفاعت کو کسی گروہی تعصب کے بغیر تفصیل سے بیان کیا